17-04-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆مرکزی وزیروبی جے پی کے سینئرلیڈ رانوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہاہے کہ موجودہ ریاستی حکومت اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے کیلئے رقم حاصل کرنے کے مقصد سے مرکز کی طرف دیکھ رہی ہے کیوں کہ سابق بی آر ایس حکومت نے ریاست کا خزانہ خالی کر دیا تھا۔

☆انٹرمیڈیٹ کے سال اول اورسال دوم کے امتحانی نتائج آج جاری کئے گئے ۔لڑکوں پرلڑکیوں نے بازی مارلی۔

☆بی آرایس کے ایم ایل اے اورسابق وزیر ہریش راؤنے کہاہے کہ اگر کانگریس حکومت اپنے تمام اسمبلی انتخابات کی مہم کے دوران کئے گئے وعدوں کو پندرہ اگست تک نافذ کرتی ہےتب وہ اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہوجائیں گے۔

☆ ریاست میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اضلاع بھوپال پلی ،ملوگو،کتہ گوڑم ،کھمم ،نلگنڈہ ،سوریاپیٹ ،ونپرتی ،نارائن پیٹ اورگدوال میں مختلف مقامات پر گرمی کی لہر برقرار رہے گی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کی جانب سے آج نامپلی میں واقع اس کے دفتر پرانٹرسال اول اوردوم کے امتحانی نتائج جاری کئے گئے ۔پرنسپال سکریٹری محکمہ تعلیم ڈی وینکٹیشم نے نتائج جاری کئے اور بتایا کہ سال اول میں 60.01 فیصدطلبہ جبکہ سال دوم میں 64.19 فیصدطلبہ کامیاب رہے۔ پھرایک مرتبہ لڑکوں پرلڑکیوں نے بازی ماری۔سال اول میں لڑکوں کے 51.5 فیصد کے مقابل لڑکیوں کی کامیابی کا تناسب 68.35 فیصدرہا۔اسی طرح سال دوم میں 72.53 فیصدلڑکیوں نے کامیابی حاصل کی جبکہ لڑکوں کی کامیابی کا فیصد صرف 56.1 فیصدرہا۔ضلع واری سطح پر سال اول کے نتائج میں ضلع رنگاریڈی 71.7 فیصد کے ساتھ سرفہرست رہا۔جبکہ ضلع میڑچل 71.58 فیصد کے ساتھ دوسرے اورضلع ملوگو 70.01 فیصد کے ساتھ تیسرے مقام پر رہا۔اسی طرح انٹرسال دوم کے نتائج میں ضلع ملوگو کو پہلا مقام حاصل ہواجہاں سے 82.95 فیصد طلبہ کامیاب رہے۔ضلع میڑچل 79.31 فیصد کے ساتھ دوسرے اورضلع رنگاریڈی کو 77.63 فیصد کے ساتھ انٹرسال دوم کے نتائج میں تیسرا مقام ملا۔طلبہ انٹرمیڈیٹ بورڈ کی سرکاری ویب سائٹس پراپنے نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ وینکٹیشم نے اس موقع پر یہ اعلان بھی کیا کہ دسویں جماعت کے نتائج 30 اپریل کوجاری کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

ڈاٹاسکیورٹی کونسل آف انڈیا(DSCI) تلنگانہ سائبرسکیورٹی سنٹر فارایکسلنس (CCOE) کی جانب سے حیدرآباد میں آج ایک سائبرسکیورٹی اور پرائیوسی کانفرنس کاانعقادکیاگیا۔سی سی اوای کے سی ای اوڈاکٹرسری رام نے کہا کہ اس کانفرنس کے انعقادکامقصدسرکاری محکموں کواس بات کیلئے متحرک کرنا ہے کہ سائبرحملوں کے واقعات روکے جائیں اوران سے نمٹنے کیلئے حکمت عملی تیارکی جائی۔اس پروگرام کے دوران مختلف موضوعات بشمول سائبرسکیورٹی کا بہترین استعمال،ڈاٹاپرائیوسی اور ریسک مینجمنٹ کا احاطہ کیاگیا۔اسپیشل چیف سکریٹری محکمہ آئی ٹی ای وسی ڈاکٹرجیش رنجن نے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے سی سی اوای کے اقدامات کی ستائش کی۔اس کانفرنس میں ریاستی حکومت کے مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیروریاستی بی جے پی صدرکشن ریڈی نے ملک کی ترقی کیلئے وزیراعظم نریندرمودی کے ناقابل فراموش رول کواجاگرکیاہے۔انہوں نے ریمارک کیا کہ اگر مودی ہوں گے تب ہی ملک ترقی کرے گا۔حیدرآباد کے علاقہ جوبلی ہلز میں انتخابی مہم سے خطاب کرتے ہوئے ریڈی نے رائے دہندوں پرزوردیا کہ پارلیمانی انتخابات کےتحت 13 مئی کواپنے بیالیٹ کے ذریعہ ملک کی قیادت کومضبوط بنایاجائے۔انہوں نے مودی کی جانب سےقوم کیلئے انجام دیئے گئے اقدامات بالخصوص کوویڈ کے چیلنج سے بھرے وقت،مفت ویکسن اورضروری راشن کی سربراہی جیسے کاموں کواجاگرکیا۔اس کے علاوہ کشن ریڈی نے کہا کہ مفت طبی نگہداشت،ایل پی جی سلینڈرس اورآیوش مان بھارت جیسی اسکیمات کے ذریعہ مالی تعاون بھی کیاگیا۔جس کا مقصدغریبوں کواوپراٹھاناہے۔

بھارت راشٹر اسمیتی پارٹی کے کارگذار صدر و سابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہر کے علاقہ ملکاجگیری کے عوام نے ریونت ریڈی کو پردیش کانگریس کمیٹی کا صدر اور وزیر اعلیٰ کا عہدہ حاصل کرنے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ بی آر ایس کے ملکاجگیری امیدوار لکشما ریڈی کی جانب سے پرچہ نامزدگی داخل کئے جانے کے موقع پر کے ٹی آر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکاجگیری کے رائے دہندوں نے ریونت ریڈی کی بھرپور حمایت کی جس کی بناء پران کا سیاسی کیریئر آگے بڑھا اور وہ سی ایم کے عہدہ تک پہنچے۔ انہوں نے ریونت ریڈی پر زور دیا کہ اس علاقہ کے مفادات کو نظر انداز کرنے سے باز رہیں۔ کے ٹی آر نے سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کے دور میں ہوئے ترقیاتی اقدامات کو اجاگر کیا اور حیدر آباد و ریاست بھر میں بی جے پی کے ریکارڈ کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے اضلاع بھوپال پلی، ملوگو، کتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں مختلف مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ یہی صورتحال ریاست کے دیگر اضلاع میں بھی برقرار رہے گی۔ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل اور نظام آباد اضلاع میں کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے اور بجلیاں چمک سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اعظم ترین درجہ حرارت کل کھمم میں 42.5 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

نئی دہلی میں آج سے آفات سماوی سے نمٹنے کے لئے بنیادی سہولتوں سے متعلق چھٹویں بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز ہوا جو کل تک جاری رہے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آنے والے کل کی بہتری کے لئے بنیادی سہولتوں میں سرمایہ کاری ضروری ہے۔ انہوں نے اس کانفرنس سے ویڈیو میسیج کے ذریعہ خطاب کرتے ہوئے اس بات کو اجاگر کیا کہ اگرچہ آفات سماوی کا پیمانہ مالی نقصان سے لگایا جاتا ہے تاہم اس کے اثرات انفرادی طور پر خاندانوں اور طبقات پر ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

قومی یوم پنچایت راج کے موقع پر پنچایت راج کی وزارت کی جانب سے آج ایک روزہ پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزارت کے سکریٹری ویویک بھردواج نے پنچایت راج انتخابات کو باقاعدہ بنائے جانے کے عمل کی ستائش کی اور کہا کہ 73 ویں ترمیم کے ذریعہ اس سلسلہ میں اہم پیشرفت کی گئی ہے۔ انہوں نے عوامی نمائندوں کیلئے اقل ترین قابلیت کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ محکمہ دیہی ترقیات کے سکریٹری شیلیش کمار سنگھ نے زیادہ سے زیادہ ترقی کے نشانہ کو حاصل کرنے کیلئے حرکیاتی پنچایتوں کے اہم رول کی ضرورت پر زور دیا۔ پنچایت راج نظام کو 73 ویں دستوری ترمیم کے ذریعہ 1993 میں قائم کیا گیا تھا جس پر آج یہ دن منایا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے ایم ایل اے اور سابق وزیر ہریش راؤ نے کہا ہے کہ اگر کانگریس حکومت اپنے تمام اسمبلی انتخابات کی مہم کے دوران کئے گئے وعدوں کو پندرہ اگست تک نافذ کرتی ہے تب وہ اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہوجائیں گے۔ ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو چیلنج کیا کہ اسی معاملہ پر جمعہ کو اسمبلی کے احاطہ میں مباحث کیلئے تیار رہیں۔ سنگاریڈی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے راؤ نے کہا کہ کانگریس نے جو وعدے کئے ان کو پورا کرنے کیلئے حکومت پر زور ڈالنا بی آر ایس کی ذمہ داری ہے۔ ان کے مطابق ریونت ریڈی نے گزشتہ سال نو ڈسمبر کو وعدہ کیا تھا کہ زرعی قرضہ جات معاف کردیئے جائیں گے تاہم ساڑھے چار ماہ کا عرصہ گذر جانے کے باوجود انہوں نے یہ وعدہ پورا نہیں کیا ہے۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ جب ریونت ریڈی نے یہ محسوس کیا کہ عوام کانگریس کے خلاف ہورہے ہیں تب وہ بھگوانوں کے نام پر وعدے کررہے ہیں اور پندرہ اگست کی ایک اور تاریخ مقرر کی ہے۔ اس سے پہلے ظہیر آباد کے بی آر ایس امیدوار انیل کمار نے ہریش راؤ کے ہمراہ اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر وبی جے پی کے سینئر لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج کہا ہے کہ موجودہ ریاستی حکومت اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے کیلئے رقم حاصل کرنے کے مقصد سے مرکز کی طرف دیکھ رہی ہے کیوں کہ سابق بی آر ایس حکومت نے ریاست کا خزانہ خالی کر دیا تھا۔ پارٹی کی حلقہ لوک سبھا حیدرآباد امیدوارہ کے مادھوی لتا کی پرچہ نامزدگی ریالی میں شرکت کے بعد حیدرآباد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انوراگ ٹھاکر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اپنے وعدوں کو پورا نہیں کر سکتے۔ شراب اسکام کیس کے معاملہ میں نریندر مودی کے خلاف بی آر ایس صدر کے سی آر کے ریمارکس سے متعلق ایک سوال پر ٹھاکر نے پوچھا کہ اگر کویتا بے قصور ہیں تب انہیں ضمانت کیوں نہیں مل پا رہی ہے۔ انوراگ ٹھاکر نے کانگریس اور مجلس اتحاد المسلمین پارٹیوں کو نشانہ بناتے ہوئے الزام عائد کیا کہ دونوں پارٹیاں ایک دوسرے کی بی ٹیم ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ مرکز میں کانگریس اگلی حکومت قائم کرے گی۔ اپنے پارٹی امیدوار ڈی ناگیندر کے حق میں حلقہ سکندرآباد میں انتخابی مہم چلاتے ہوئے سی ایم نے کہا کہ چار جون کے بعد کانگریس مرکز میں اپنی حکومت قائم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ سکندرآباد کی تاریخ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس نشست سے جس پارٹی نے بھی جیت حاصل کی، اس نے مرکز میں حکومت بنائی۔ لہذا اس مرتبہ سکندرآباد سے کانگریس کامیابی حاصل کرے گی اور مرکز میں اپنی حکومت بنائے گی۔

☆☆☆☆☆